© rasailojaraid.com



جامعہ جب سے قائم ہوا ہے تب سے "الخیر" کی اشاعت و تبلیغ اور تعلیم و تقسیم جاری ہے۔ بحمداللہ کہ اب جواں ہمت نوجوان فاضل مولانا محمد حنیف صاحب جو مولانا خیر محمد صاحب کے پوتے اور جامعہ خیرالمدارس کے مہتمم ہیں۔ اور مولانا محمد ازہر اور ان کے مخلص رفقاء کے بلند ہمتی کے صدقے ماہنامہ "الخیر" کے اجرا کی صورت میں جامعہ خیرالمدارس کے تقسیم خیرات میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ اس وقت ہمارے سامنے الخیر کا نقش اول و ثانی موجود ہے۔ از اول تا آخر توقعات سے بڑھ کر "الخیر" کو "خیر ہی خیر" پایا۔ مضامین معیاری، اداریئے جاندار، مضامین کا تنوع و انتخاب، معیاری کاغذ، بہترین کتابت، عمدہ طباعت اور رنگین سرورق، الغرض الخیر ایک حسین گلدستہ ہے۔ جو گلشن علم نبوت کی زینت ہے۔ علمی اور ادبی حلقوں سے پذیرائی کی پُر زور سفارش ہے۔ ادارہ "الحق" اپنے معاصر "الخیر" کے اجراء پر مولانا محمد حنیف اور مولانا محمد ازہر اور الخیر کی مجلس ادارت کے تمام رفقاء کو ہدیہ تبریک پیش کرتا ہے۔

**دیواریں اور غاریں** | مؤلف۔ پرنسپل حافظ نذر احمد۔ سائز $\frac{20 \times 30}{16}$ صفحات ۲۴۴۔ قیمت پندرہ روپے ملنے کا پتہ۔ مسلم اکادمی۔ محمد نگر $\frac{29}{18}$ لاہور ۵

مؤلف صاحب قلم ادیب ہیں۔ اور علمی حلقوں میں متعارف ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب آپ کی تازہ تالیف ہے۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے۔ کتاب کا تعلق تاریخ سے ہے۔ اہم تاریخی دیواریں، کنوئیں، غاریں اور وادیاں جن کا آثار مذاہب اور آثار قدیمہ سے گہرا تعلق ہے اور اب تاریخ کا گم شدہ ورق بن کر رہ گئے ہیں۔ مؤلف نے اس سلسلہ میں اہم معلومات فراہم کی ہیں۔ کتاب کے بیس عنوانات سے متعلق سترہ نقشے، خاکے اور تصاویر بھی شامل ہیں۔ جس سے کتاب کی افادیت میں اضافہ ہوگیا ہے۔

**مسئلہ تکفیر اور اکابر دیوبند** | از علامہ شمس الحق افغانی۔ باہتمام محمد ادریس حقانی۔ شعبہ تصنیف دارالعلوم اسلامیہ عربیہ شیر گڑھ۔ مردان۔ قیمت چار روپے

رسالہ کی عظمت، مضمون کی اہمیت اور علمی ثقاہت کے لئے یہ بات کافی ہے۔ کہ شمس العارفین حضرت علامہ افغانی اس کے مؤلف ہیں۔ مسئلہ تکفیر اور اکابر دیوبند دراصل حضرت افغانی کا علمی و تحقیقی مقالہ ہے جو ماہنامہ "الرشید" کے دارالعلوم دیوبند میں شائع ہوا تھا۔

مولانا محمد ادریس حقانی جو دارالعلوم حقانیہ کے فاضل اور دارالعلوم شیر گڑھ کے مدرس اور "الاصلاح" کے مدیر ہیں۔ اسے ایک علیحدہ کتابچہ کی صورت میں افادۂ عام کی غرض سے شائع فرمایا ہے۔ جو علمی ذوق رکھنے والوں کے لئے ایک نادر تحفہ ہے۔ قیمت واجبی ہے۔

**معلم التجوید** | تالیف۔ حضرت مولانا قاری محمد شریف صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔ صفحات ۲۴۶ قیمت ۱۸ روپے



© rasailojaraid.com